وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

انشورنس کے کاروبار میں شفافیت اور بہتر معیار کو فروغ دیا جائے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی

''انشورنس انڈسٹری میں بدانتظامیوں کا ازالہ: ایک امبڈسمین کا نقطہ نظر'' کے موضوع پر

ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے ویبینار سے وفاقی محتسب کا خطاب

اسلام آباد( )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان کا شمار دنیا کے ان چند ممالک میں ہوتا ہے جنہیں انشورنس کے لیے الگ سے محتسب کا ادارہ قائم کرنے کا اعزاز حاصل ہے جو مختلف اسٹیک ہولڈرز کے مفادات کے منصفانہ تحفظ کے لیے بہترین نگرانی کا طریقہ کار پیش کرتا ہے۔ وہ اسلام آباد میں وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے تعاون سے ایشین اومبڈسمین ایسوسی ایشن (AOA) کے زیر اہتمام بین الاقوامی ویبینار سے خطاب کر رہے تھے۔ واضح رہے کہ جناب اعجاز احمد قریشی ایشین اومبڈسمین ایسوسی ایشن (AOA) کے موجودہ صدر بھی ہیں جو کہ ایشیائی خطے میں محتسب کے اداروں کا 47 رکنی غیر سیاسی اور پیشہ ورانہ مضبوط ادارہ ہے۔ ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کا عزم ملک کے آئین کا سنگ بنیاد ہے۔ پاکستان نے اس موضوع پر انسانی حقوق کے متعدد اقدامات کی توثیق کی ہے اور بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ انسانی حقوق کی اجتماعی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کاروبار اور انسانی حقوق سے متعلق ان رہنما اصولوں کا بھی حوالہ دیا جن کی توثیق اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل نے کر رکھی ہے۔ مزید براں انہوں نے کاروباری سرگرمیوں کے نتیجے میں انسانی حقوق پر پڑنے والے منفی اثرات سے نمٹنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی انشورنس محتسب (FIO) کا ادارہ، انشورنس انڈسٹری میں کاروباری طریقوں کے بہترین معیارات کو فروغ دینے اور انہیں تحفظ فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ بعد ازاں وفاقی انشورنس محتسب (ایف آئی او) ممتاز علی شاہ نے انشورنس آرڈیننس 2000ء کے تحت قائم ہونے والے ادارے کے مینڈیٹ اور کام کے دائرہ کار کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ان کا ادارہ پاکستان کی انشورنس انڈسٹری میں بدانتظامی کے خلاف منصفانہ اور مساوی اصولوں کے مطابق کارروائی کرتا ہے اور متاثرہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور جلد از جلد ریلیف فراہم کر رہا ہے۔ ویبینار کا مقصد پاکستان کے تجربات، مسائل کے حل کے لئے بہترین طریقوں اور انشورنس محتسب کے ادارے کے فریم ورک کے بارے میں ایشیاء اور اس سے باہر محتسب کے اداروں کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کرنا ہے۔ ویبینار میں ایشیائی محتسب ایسوسی ایشن (اے او اے)، او آئی سی محتسب ایسوسی ایشن (OICOA)، انشورنس ریگولیٹری اداروں اور مختلف ممالک میں کام کرنے والے کمیشنوں کے ایک سو سے زائد نمائندوں نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں ویبینار میں پاکستان کے وفاقی انشورنس محتسب، وفاقی ٹیکس محتسب، وفاقی بینکنگ محتسب اور پاکستان کی انشورنس کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ ساتھ دیگر اسٹیک ہولڈرز نے بھی شرکت کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

29 اکتوبر 2024ء